# سالانہ شریعہ رپورٹ

## جمعیت پنجابی سوداگران دہلی

(مارچ2020ء تا مارچ2021ء)

JPSD

**شریعہ بورڈ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی**

جمعیت پنجابی سوداگرانِ دہلی ایک رفاہی ادارہ ہے، جوزکواۃ وصدقات عطیات کی رقوم واشیاء سے برادری کی تعلیم، صحت، روزگار، اور دیگر بنیادہ ضرورت کے سلسلہ میں خدمات انجام دے رہاہے، اورزکوٰۃ چونکہ اسلام کا بنیادی اوراہم رکن ہے، اس رکن کی ادائیگی شریعہ کے مطابق ہونے کویقینی بنانے کے لیے جمعیت پنجابی سوداگرانِ دہلی نے باقاعدہ شریعہ بورڈ کا تقرر کیا، الحمدللہ شریعہ بورڈ نے جمعیت پنجابی سوداگرانِ دہلی کے زکواۃ وصول کرنے اورخرچ کرنے کے لیے شرعی ہدایات کی روشنی میں ایک نظام بنا کر دیا جس کے مطابق ادارہ الحمدللہ عمل کر رہا ہے، ذیل میں ادارہ کے مختلف شعبہ جات اوران میں شریعہ کمیٹی کی خدمات کی رپورٹ پیش خدمت ہے۔

### (شعبۂ صحت سے متعلق شریعہ کمیٹی کی خدمات)

جمعیت پنجابی سوداگرانِ دہلی الحمدللہ شعبۂ صحت میں بہت اچھے انداز سے خدمات انجام دے رہاہے، شعبہ صحت کے حوالے سے ادارہ کے مختلف علاقوں میں ہسپتال، کلینکس مصروفِ عمل ہیں، اوران میں جو مستحق اورضرورت مند افرادعلاج ومعالجہ کی سہولت کے لیے آتے ہیں، ان کے ساتھ زکواۃ کی مد سے اعانت کی جاتی ہے، اس کے لیے اس بات کو یقینی بنایا جاتا ہے، کہ زکواۃ کی مد سے اعانت کے سلسلہ میں اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ وہ شرعی طور پر مستحق زکواۃ ہو، تاکہ اس پر خرچ کی جانے والی زکواۃ ادا ہو جائے، اور برادری کے مخیّر افراد کی امانت صحیح مصرف پر خرچ ہو۔ چنانچہ اس کے لیے ہر ہسپتال کلینک میں ایک ویلفیئر آفیسر ہوتا ہے، جوعلاج کی مد میں اعانت طلب کرنے والوں کے استحقاق زکواۃ کو یقینی بنانے کے لیے شریعہ کمیٹی کی جانب سے وضع کردہ طریقہ کے مطابق باقاعدہ تحریری کاروائی کرتا ہے۔ جس کو شریعہ ایڈوائزر باقاعدہ چیک کرتے ہیں، اور ہیڈ آفس میں مختلف ضروریات وغیرہ کے لیے آنیوالے افراد کا شریعہ کمیٹی کے مفتی صاحب خود شرعی جائزہ لیتے ہیں، تاکہ فریضۂ زکواۃ کی ادائیگی یقینی ہو، ذیل میں شعبۂ صحت کے اہم یونٹس میں شریعہ کمیٹی کی کارکردگی ذکر کی جارہی ہے!

**ا)......بی ایچ وائی (BHY) ہسپتال دہلی کالونی:**

الحمدللہ شریعہ کمیٹی کی طرف سے وضع کردہ نظام کے مطابق اعانت طلب کرنے والوں کوویلفیئر آفیسر باقاعدہ تحریری طور

پر شرعی جائزہ کے بعد اطمینان کر کے اعانت کی حسبِ قواعد منظوری دیتے ہیں، اور شریعہ کمیٹی کے افراد وقتاً فوقتاً باقاعدہ وزٹ کر کے اس کاروائی کا باقاعدہ جائزہ لیتے ہیں، اور جہاں اصلاح کی ضرورت ہوتی ہے، اس کی اصلاح کرتے ہیں، اس ہسپتال میں زکواۃ خرچ کرنے کا مکمل نظام الحمد للہ شریعہ کمپلائنس ہے۔

۲)......آسیہ مریم بٹلہ کلینک ملیر:

آسیہ مریم بٹلہ کلینک ملیر میں الحمد للہ تمام مستحق افراد کو مکمل فری علاج کی سہولت فراہم کی جارہی ہے، جس کے لیے شریعہ کمیٹی کے وضع کردہ نظام کے مطابق کلینک میں موجود ویلفئر آفیسر کی جانب سے مستحق افراد کا جائزہ لیکر ان کو زکواۃ کی مد سے فری علاج کی سہولت فراہم کی جاتی ہے، تاکہ ڈونر کی زکواۃ ادا ہوجائے، شریعہ کمیٹی کے افراد وقتاً فوقتاً باقاعدہ وزٹ کر کے اس کاروائی کا باقاعدہ جائزہ لیتے ہیں، اور جہاں اصلاح کی ضرورت ہوتی ہے، اس کی اصلاح کرتے ہیں، اس کلینک میں زکواۃ خرچ کرنے کا مکمل نظام الحمد للہ شریعہ کمپلائنس ہے۔اس کلینک میں مارچ 2020 سے لیکر مارچ 2021 تک کل سات ہزار ایک سو پینتالیس مستحق مریضوں کا فری علاج کیا گیا ہے۔

۳)......صابرہ کلینک برنس روڈ:

شریعہ کمیٹی نے ادارہ کی انتظامیہ کے ساتھ اس سال صابرہ کلینک میں خرچ ہونے والی زکواۃ کی ادائیگی یقینی بنانے کے لیے اور مستحق مریضوں کی سہولت کے پیش نظر شرعی ہدایات پر مشتمل ایک نظام بنا کر دیا جس کے مطابق کلینک میں جو مریض اعانت طلب کرتے ہیں، الحمد للہ ادارہ ان کو مکمل فری زکواۃ فنڈ سے علاج کی سہولت فراہم کرتا ہے، ایسے افراد کا کلینک میں موجود ایک ویلفیئر آفیسر باقاعدہ اعانت طلب کرنے والوں کی مالی حالت کا جائزہ لیکر ان کو فری علاج کی سہولت فراہم کرتے ہیں اور اس کاروائی کو شریعہ کمیٹی باقاعدہ چیک کرتی ہے۔

۴)......بلقیس کلینک اللہ والا ٹاؤن:

بلقیس کلینک کچھ عرصے فعال نہیں تھا، ادارہ کی انتظامیہ نے برادری کے افراد کی سہولت کے لیے اور کلینک کو جدید سہولتوں سے آراستہ کر کے کلینک کی خدمات کو بحال کرنے کے لیے عزم کا اظہار کیا، چنانچہ اس سلسلہ میں شریعہ کمیٹی نے کلینک میں رجوع کرنے والے لوگوں کی مالی صورتحال اور سابقہ مریضوں کی کیفیت کے حوالے سے معلومات کیں، نیز ریکارڈ کا جائزہ لیکر شریعہ کمیٹی نے کلینک کی بحالی میں ہونے والے مصارف کی ادائیگی کے سلسلہ میں شرعی ہدایات مرتب کر کے باقاعدہ اس کا شرعی طریقہ کی رہنمائی کی، جس پر عمل کر کے انتظامیہ نے بلقیس کلینک کو خاص گائنی کی مریض عورتوں کے علاج ومعالجہ اور گائنی کی ابتدائی طبی سہولیات کے ساتھ اس کلینک کو الحمد للہ بحال کر دیا ہے، اب یہ کلینک گائنی کے ابتدائی مراحل (او پی ڈی) کے علاج کی سہولت کے ساتھ مصروف عمل ہے، نیز کلینک میں رجوع کرنے والی گائنی کی مریض خواتین کے ڈیلیوری وغیرہ کے معاملات کے لیے انہی مریض خواتین کو بی ایچ وائی ہسپتال میں تمام تر سہولیات فراہم کی جائیں گی، ایسی صورت میں بی ایچ وائی ہسپتال میں رجوع کرنے والی خواتین کو ادارہ کے قواعد کے مطابق

اعانت کی سہولت بھی مہیا ہوگی۔

## (شعبۂ تعلیم سے متعلق شریعہ کمیٹی کی خدمات)

جمعیت ایجوکیشنل بورڈ کے زیر اہتمام ادارہ کے جن اسکولوں/کالجوں میں زیر تعلیم طلباء/طالبات کو فیس کی مد میں اعانت کی جاتی ہے، یہ اعانت بھی چونکہ زکواۃ فنڈ سے ہوتی ہے، اس لیے زکواۃ کی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے شریعہ کمیٹی نے اعانت حاصل کرنے والے بالغ طلباء/طالبات اور نابالغ طلباء/طالبات کے والدین/سرپرست حضرات کا استحقاق زکواۃ سے متعلق شرعی جائزہ لینے کا فیصلہ کیا، جس کے لیے مرحلہ وار باقاعدہ اسکولوں/کالجوں میں جاکر اعانت حاصل کرنے والے طلباء/طالبات اوران کے والدین/سرپرست حضرات سے شریعہ کمیٹی کے مفتی صاحب نے جائزہ فارم اور وکالت نامہ کی کاروائی مکمل کی اور امسال جن طلباء/طالبات کے لیے اعانت منظور کی گئی اس کا خلاصہ درج ذیل ہے!

جمعیت کے اسکول، کالج میں اعانت حاصل کرنے والے کل طلباء/طالبات کی تعداد: **850**

مارچ 2020ء سے لے کر مارچ 2021ء تک جن نئے طلباء/طالبات کے لیے اعانت کی منظوری دی گئی: **144**

اور شریعہ کمیٹی نے اسکولوں اور کالجوں کا وزٹ کر کے چند طلباء طالبات کی نشاندہی کی جو سید ہیں اور زکواۃ کے مستحق نہیں لیکن تعلیمی فیس کی ادائیگی پر قدرت نہیں رکھتے ادارہ ان کو غیر زکوتی رقم سے اعانت فراہم کرنے کی کوشش کرے، انتظامیہ نے الحمدللہ اس کو سنجیدگی سے لے کر سید طلباء/وطالبات کے لیے غیر زکواتی فنڈ قائم کیا جس کے لیے جنرل سیکرٹری صاحب خصوصی مبارکباد کے مستحق ہیں انہیں آل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندانوں کی مدد کی توفیق نصیب ہوئی۔ **فللہ الحمد**

جمعیت کے اسکول/کالج اساتذہ کرام کی بطور ویلفیئر کام کی ٹریننگ!

جمعیت کے زیر انتظام مصروف عمل اسکول، کالجوں میں زیر تعلیم طلباء طالبات میں سے مستحق افراد طلباء/طالبات کی جانب سے تعلیمی فیس وغیرہ کے سلسلہ میں اعانت کی درخواستیں وصول ہوتی ہیں، پھر ان درخواست گزار طلباء، طالبات سے یا ان کے والدین سے زکواۃ فنڈ سے اعانت کے لیے شرعی جائزہ کے لیے درخواست گزاروں کی سہولت کے پیش نظر شریعہ کمیٹی کے ایک رکن مفتی عبدالمنان صاحب نے ہر اسکول و کالج میں سے چند اساتذہ کرام کو مختلف نشستوں میں جمعیت کے زکواۃ وصول کرنے اور زکواۃ کو مستحق افراد پر خرچ کرنے کے سلسلہ میں تعلیمی اور تربیتی نشستوں کا اہتمام کیا اور ان کو مستحق افراد کے استحقاق زکواۃ کے جائزہ کی مکمل تربیت دی، چنانچہ اب جب بھی کسی اسکول یا کالج میں کسی طالب علم یا طالبہ کی جانب سے اعانت کی درخواست آتی ہے تو اسی اسکول میں موجود ٹریننگ یافتہ استاذ اس کا شرعی جائزہ لے کر اس کے استحقاق زکواۃ کی کاروائی کر کے اس کی فائل ہیڈ آفس بھجواتے ہیں، اس کاروائی کو شریعہ کمیٹی کے مفتی صاحب چیک کرتے ہیں، جن کی تصدیق کے بعد زکواۃ فنڈ سے اعانت کی جاتی ہے۔

## (شعبۂ راشن/وظائف/سے متعلق شریعہ کمیٹی کی خدمات)

الحمدللہ شریعہ کمیٹی کے افراد ہفتہ میں ایک دن ناظم امداد جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کی معیت میں ادارہ جمعیت پنجابی

سوداگران دہلی میں باقاعدہ حاضر ہو کر ادارہ میں آنے والی مختلف مدات (راشن، وظیفہ، شادی دختر، روزگار وغیرہ) میں اعانت حاصل کرنے والے افراد کا جائزہ لیتے ہیں اور اس دوران باقاعدہ درخواست گزار سے بالمشافہ ملاقات کے دوران جائزہ فارم اور وکالت نامہ کی روشنی میں درخواست گزار کا جائزہ لے کر شرعی طور پر استحقاق زکواۃ کے سلسلہ میں اپنی رائے سے آگاہ کرتے ہیں۔ جس کی روشنی میں ناظم امداد ان افراد کے لیے زکواۃ فنڈ سے اعانت کی منظوری فرماتے ہیں۔

تا کہ ان مدات میں خرچ کی جانے والی زکواۃ کی ادائیگی یقینی ہو، چنانچہ یقینی ہو، جس کے اعدو شمار درج ذیل ہیں:

ماہانہ راشن کی مد میں اعانت حاصل کرنے والے افراد کی کل تعداد: **548**

مارچ **2020**ء سے لے کر مارچ **2021**ء جن افراد کو ماہانہ راشن کی منظوری دی گئی: **108**

ماہانہ وظیفہ حاصل کرنے والے کل مستحق افراد کی تعداد: **746**

مارچ **2020**ء سے لے کر مارچ **2021**ء جن افراد کو ماہانہ وظیفہ کی منظوری دی گئی: **127**

مارچ **2020**ء سے لے کر مارچ **2021**ء جن افراد کو شادی دختران کی مد میں اعانت کی منظوری دی گئی: **102**

**مستحق افراد کے لیے فری روزگار اسکیم:**

گزشتہ سال انتظامیہ نے برادری کے بے روزگار افراد کو روزگار کی فراہمی اور اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے ایک روزگار اسکیم کا آغاز کیا، جس میں برادری کے ایسے افراد جو بے روزگار ہوں اور مستحق ہوں تو ان کے لیے زکواۃ مختص برائے روزگار فنڈ سے ایک موٹر سائیکل اسکیم کا اعلان کیا، اس اسکیم کے تحت خرچ ہونے والی زکواۃ کی ادائیگی کو یقینی بنانے کے لیے شریعہ کمیٹی نے باقاعدہ شرعی ہدایات پر مشتمل طریقہ کار مرتب کیا۔ جس کے مطابق مستحق کی تعیین سے لے کر اس مستحق کو موٹر سائیکل کے دینے تک کے تمام معاملات شریعہ کمیٹی کی زیر نگرانی شرعی ہدایات کے مطابق انجام دئے جاتے ہیں اور اس رپورٹ کی تیاری تک کل **64** مستحق افراد کو زکواۃ فنڈ سے مالکانہ حقوق کے ساتھ روزگار کے لیے **64** موٹر سائیکلیں دیدی گئی ہیں اور یہ افراد برسر روزگار ہیں۔

**روزگار موٹر سائیکل قرض حسنہ اسکیم برائے مجلس عامہ:**

گزشتہ سال ادارہ نے مجلس عامہ کے افراد کے لیے روزگار کو آسان بنانے اور برادری کے نوجوانوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے غیر زکوتی فنڈ سے قرض حسنہ کی صورت میں موٹر سائیکل اسکیم کا آغاز کیا، جس کے لیے شریعہ کمیٹی نے باقاعدہ شرعی ہدایات پر مشتمل طریقہ کار مرتب کیا۔ جس کے مطابق بغیر سود کے قرض حسنہ کے قواعد وضوابط کے مطابق آسان اقساط میں شرعی ہدایات کے مطابق اس کا طریقہ کار مرتب کر کے دیا جس کے مطابق اس رپورٹ کی تیاری تک الحمدللہ **35** افراد کو مالکانہ حقوق کے ساتھ روزگار کے لیے **35** کو موٹر سائیکلیں دیدی گئی ہیں۔

**برادری کے مستحق افراد کو کاروبار کے لیے اعانت:**

گزشتہ سال برادری کے جن مستحق افراد کو کاروبار وغیرہ کے لیے وقتاً فوقتاً زکواۃ فنڈ سے اعانت کی گئی ہے، ان کو شرعی

ہدایات کے مطابق اطمینان کے بعد اعانت کی جاتی ہے تا کہ زکواۃ کی ادائیگی یقینی ہو، اس سال کل 16 افراد کو زکواۃ فنڈ سے روزگار کے لیے اعانت کی گئی ہے۔

**ادارہ کے مختلف شعبہ جات میں شریعہ بورڈ کا کردار:**

شریعہ بورڈ ادارہ کے زکواۃ وصول کرنے اور خرچ کرنے کے معاملات میں اپنی خدمات کے ساتھ ساتھ الحمد للہ دیگر شعبہ جات میں بھی درپیش شرعی مسائل کے متعلق انتظامیہ کو شرعی مسائل کے حل کے سلسلہ میں رہنمائی کرتا رہتا ہے، چنانچہ پیٹل والا ٹرسٹ کے منافع اور دیگر معاملات میں جمعیت پنجابی سوداگران دہلی اور پیٹل والا ٹرسٹ کے مابین کیے گئے اگریمنٹ کا شرعی جائزہ لیا گیا اور اس سلسلہ میں شرعی طور پر ضروری امور کی نشاندہی اور رہنمائی کی گئی۔ اس رپورٹ کی تیاری کے دوران بھی پراپرٹی بورڈ کچھ مسائل زیر تحقیق ہیں۔

**اجتماعی قربانی کا اہتمام:**

گزشتہ سال عید الضحیٰ کے موقع پر لاک ڈاؤن اور کورونا وائرس کی وجہ سے پیش آمدہ حالات میں برادری کے افراد کے فریضہ قربانی کی ادائیگی آسان بنانے کے لیے اور برادری کے مستحق افراد کی ضروریات کے پیش نظر اجتماعی وقف قربانی کا اہتمام کیا گیا، جس کے لیے شریعہ کمیٹی نے اجتماعی وقف قربانی کے نظم کا شرعی ہدایات کی روشنی میں باقاعدہ نظم بنا کر دیا، جس میں اجتماعی قربانی سے متعلق تمام شرعی قوانین کی پاسداری کو ملحوظ رکھا گیا جو شرعی شرعی طور پر ایک مسلمان کے لیے ضروری ہیں، جس کے مطابق عید الاضحیٰ کے موقع پر برادری کے 175 افراد نے اپنا فریضہ قربانی ادا کیا اور قربانی کا گوشت شریعہ بورڈ کی ہدایات کی روشنی میں باقاعدہ برادری کے مستحق افراد میں تقسیم کیا گیا۔

**چرم قربانی کا نظم:**

عید الاضحیٰ کے موقع پر ادارہ کو جو چرم قربانی وصول ہوئیں اور ان سے جو رقم حاصل ہوئی، یہ رقم صدقۂ واجبہ کی حیثیت رکھتی ہے، چنانچہ اس رقم کو بھی شرعی ہدایات کے مطابق خرچ کرنے کی ہدایات دی گئیں اور اس کا طریقہ کار بھی بتایا گیا، اس کے بعد شریعہ بورڈ کی جانب سے باقاعدہ اس رقم کی بینک اسٹیٹمنٹ کا بھی جائزہ لیا گیا، جس سے معلووم ہوا کہ انتظامیہ نے شرعی ہدایات کے مطابق یہ رقم وصول کر کے مستحق افراد کی ضروریات میں خرچ کرنے کا اہتمام کیا۔

**لاک ڈاؤن میں برادری کے مستحق اور ضرورت مند افراد میں راشن کی تقسیم:**

کورونا وائرس کے حالات میں لاک ڈاؤن میں برادری کے جو افراد معاشی بدحالی کا شکار ہوئے تو ایسے حالات میں ادارہ کی انتظامیہ نے برادری کے مخیرّ حضرات کے تعاون سے راشن کی تقسیم کا اہتمام کیا اور لوگوں کی عزت نفس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے، مستحق افراد کو زکواۃ فنڈ سے راشن پہنچایا اور غیر مستحق مگر ضرورت مند افراد کو غیر زکواتی فنڈ سے راشن کی صورت میں تعاون کیا، یہ کام بھی الحمد للہ شریعہ کمیٹی کی زیر نگرانی عمل میں آیا، چنانچہ لاک ڈاؤن میں 3500 مستحق اور ضرورت مند افراد میں راشن تقسیم کیا گیا ہے۔

**بینک اسٹیٹمنٹ کا جائزہ:**

شریعہ کمیٹی مذکورہ خدمات کے ساتھ ساتھ ہر تین ماہ بعد ادارہ کے زکواۃ وصول کرنے اور شرعی ہدایات کے مطابق خرچ کرنے کے عمل کو یقینی بنانے اور شریعہ آڈٹ کے طور پر باقاعدہ تمام فنڈز کی بینک اسٹیٹمنٹ کا جائزہ لیتی ہے، الحمدللہ انتظامیہ شریعہ کمیٹی کی جانب سے طے شدہ شرعی ہدایات پر عمل کر رہی ہے۔

**رمضان المبارک میں زکواۃ کے مسائل کی رہنمائی:**

رمضان المبارک میں عموماً مسلمان اپنا فریضہ زکواۃ ادا کرتے ہیں اور زکواۃ کے اہم موضوع پر برادری کے لوگوں کو زکواۃ اور دیگر مسائل کے متعلق و درپیش مسائل کی رہنمائی کے لیے شریعہ بورڈ کے ایک رکن مفتی صاحب باقاعدہ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی ہیڈ آفس میں حاضر ہوتے ہیں تا کہ لوگ براہِ راست بھی زکواۃ وغیرہ کے متعلق اپنے مسائل معلوم کرسکیں نیز رمضان المبارک میں شریعہ بورڈ کے ایک مفتی صاحب لوگوں کی سہولت کے پیش نظر فون پر بھی مسائل کے جوابات کے لیے موجود ہوتے ہیں، رمضان المبارک میں مسائل کی رہنمائی کے لیے مفتی صاحب کا فون نمبر اور شیڈول ادارہ کی ویب سائٹ پر بتا دیا جاتا ہے۔

**شریعہ کمیٹی کی رائے:**

شریعہ کمیٹی ادارہ کے زکواۃ وصول کرنے اور خرچ کے حوالے سے شرعی ہدایات پر عمل کرنے کے سلسلہ میں مطمئن ہے، اسی اطمینان کا اظہار شریعہ کمیٹی کی جانب سے جارہ کیے گئے ''شریعہ سرٹیفکیٹ میں کیا ہے، لہٰذا جو لوگ اس ادارہ کو زکواۃ دیں گے، ان کی زکواۃ ادا ہو جائے گی۔''

**اظہارِ تشکر:**

ادارہ کی انتظامیہ برادری کے لیے خدمات کا جو جذبہ رکھتی ہے اور انتظامیہ نے تمام معاملات میں شرعی ہدایات پر عمل کرنے کے لیے جو کردار ادا کیا ہے، ان کا کردار قابل تحسین ہے، شریعہ کمیٹی ادارہ کی انتظامیہ کے تعاون پر ان کی شکر گزار ہے، بالخصوص صدرِ جمعیت جناب سلیم فاروقی صاحب، خازن جمعیت جناب ابرار احمد کلکتہ والے اور جنرل سیکرٹری جناب خرم شہزاد صاحب کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہر مرحلہ میں بھرپور تعاون فرمایا، اللہ تعالیٰ ادارہ کی انتظامیہ کو جزائے خیر عطاء فرمائیں، ادارہ کی خدمات کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور تمام امور خیر میں حصہ لینے والوں کے حق میں صدقہ جاریہ بنائے۔ (آمین)



مفتی محمد طلحہ عبدالمالک
شریعہ نگران جمعیت پنجابی سوداگران دہلی



مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی



مفتی عبدالمنان
شریعہ ایڈوائزر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی

شریعہ بورڈ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی
زیرِ انتظام
جمعیت پنجابی سوداگران دہلی
9/ فاران سوسائٹی حیدر علی روڈ کراچی
فون:03212898200

بسم اللہ الرحمن الرحیم

JPSD

Date: 06-Mar-2021

# جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کراچی کو زکوٰۃ اور عطیات دینے کا شرعی حکم

نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم

**تعارف:**

جمعیت پنجابی سوداگرن دہلی ایک رفاہی ادارہ ہے، جس کا مقصد مستحق افراد کو زندگی کی بنیادی ضروریات، صحت، علاج ومعالجہ، معیاری تعلیم اور راشن وغیرہ کی سہولت فراہم کرنا ہے۔

**زکوٰۃ اور عطیات کے خرچ کرنے کا طریقۂ کار:**

ادارہ کی مالی ضروریات اصحابِ خیر کے عطیات اور زکوٰۃ وغیرہ کے ذریعہ پوری کی جاتی ہیں، طریقہ کار اس کا یہ ہے کہ ادارہ کے نمائندہ افراد ادارہ میں آنے والے مستحق سے اس کی مالی حیثیت معلوم کرتے ہیں اگر وہ مستحق زکوٰۃ ہو تو تحریری طور پر وکالت نامہ کے ذریعہ اس سے ادارہ کیلئے زکوٰۃ وصول کرنے اور اسے شرعی طریقہ کے مطابق جمعیت پنجابی سوداگرنِ دہلی میں مستحق افراد کے علاج ومعالجہ، تعلیم اور دیگر ضروریات میں ہونے والے اخراجات میں خرچ کرنے کی اجازت لی جاتی ہے، اور اسی کے

مطابق حاصل ہونے والی زکوٰۃ کو طے شدہ مدات میں انتہائی احتیاط سے خرچ کیا جاتا ہے۔
مزید احتیاط کے پیش ادارہ نے شریعہ ایڈوائزر کی خدمات بھی حاصل کی ہیں جو وقتاً فوقتاً ادارہ کے امور کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیتے ہیں اور اُن کی منظوری کے بعد ہی ادارہ زکوۃ وعطیات کی رقوم کو استعمال کر سکتا ہے۔

**شرعی حکم:**

اس بات کی تصدیق کی جاتی ہے کہ جمعیت پنجابی سوداگرنِ دہلی میں زکوٰۃ اور عطیات کو شریعت کی بتائی ہوئی ہدایات کے مطابق استعمال کیا جاتا ہے۔ اور زکوۃ کی ترسیل کے لئے شریعہ ایڈوائزری گائیڈلائن پر بھی عمل ہو رہا ہے، چنانچہ جو لوگ اس ادارہ کو زکوٰۃ دینگے، شرعاً انکی زکوٰۃ ادا ہو جائیگی۔ اللہ تعالیٰ جمعیت پنجابی سوداگرنِ دہلی کی انتظامیہ کو انکی خدمات کا بہترین بدلہ عطا فرمائے، اور انکے کام میں مزید اخلاص وبرکت نصیب فرمائے۔ آمین

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کراچی

مفتی عبد المنان
شریعہ ایڈوائزر جمعیت پنجابی سوداگران دہلی کراچی

شریعہ بورڈ جمعیت پنجابی سوداگران دہلی
زیرِ انتظام
جمعیت پنجابی سوداگران دہلی
9/ فاران سوسائٹی حیدر علی روڈ کراچی
فون: 03212898200

بسم اللہ الرحمن الرحیم

JPSD

DATE:08 March,2021

---

نحمده و نصلی علیٰ رسوله الكريم

# Shariah Approval for Paying Zakat and Donations to JAMIYAT PUNJABI SAUDAGRAN-E-DELHI (REGD.) KARACHI (JPSD)

## Introduction:

JPSD is a professionally managed, non-profit organization active in Pakistan. JPSD is dedicated to creating systemic change and exponential social impact by catalysing innovative and scalable solutions in health and education lives and empowering the people of Pakistan.

## Method of Utilization of Zakat and Donation:

The organization's financial needs are being covered by general donations and Zakat that Pakistani individuals and corporations throughout the world contribute towards. The procedure is that the administrators analyze the financial condition of eligible human in respect to Zakat eligibility. If they are eligible for Zakat, then administrators of JPSD get permission to collect Zakat on their behalf and to spend that directly on their focused on catalysing impactful solutions in health and other needs in Pakistan through direct interventions.as per the conditions of zakat administration. According to these guidelines JPSD uses Zakat and donation funds very carefully.

To ensure that the whole process is Sharia-compliant, both in letter and in spirit, the undersigned has been appointed as an independent Shariah Advisor to review all Zakat-related documents and procedures. I confirm that JPSD collects and spends Zakat funds in accordance with the rulings and guidance of their Shariah Advisor.

## Shariah Ruling:

It is confirmed that JPSD Services collects and spends Zakat fund in accordance with the instructions of Shariah. It is also confirmed that whosoever will give Zakat to this Organization; their Zakat will be paid as per Shariah point of view. INSHAALLAH

May Allah grant the management of JPSD Organization the best reward for their services, and may He give in their mission more blessings and sincerity. Ameen

**Mufti Muhammad Ibrahim Essa**
Shariah Advisor
JAMIYAT PUNJABI SAUDAGRAN-E-DELHI

**Mufti Abdul Mannan**
Shariah Advisor
JAMIYAT PUNJABI SAUDAGRAN-E-DELHI